# ماڈل پیپر "معاشیات"

برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II( جماعت دہم) امتحان 2014ء ومابعد

وقت: 20 منٹ　　　　حصہ معروضی　　　　کل نمبر:15

نوٹ:۔ ہر سوال کے 4(چار) ممکنہ جوابات A، B، Cاور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

-1 (i) خالص قومی پیداوار حاصل کرنے کے لئے خام قومی پیداوار سے کیا منہا کیا جاتا ہے؟
(A) بالواسطہ ٹیکس　(B) حکومتی امانتیں　(C) فرسودگی الاؤنس　(D) انتقالی ادائیگیاں

(ii) کسی ملک میں سرمایہ کاری کا انحصار کس بات پر ہوتا ہے؟
(A) موسمی اتار چڑھاؤ　(B) کاروباری حالات　(C) ملکی بچتوں　(D) صرف دولت

(iii) کسے زر کے فرائض میں شامل نہیں کیا جاتا؟
(A) آلہ مبادلہ　(B) معیار قدر　(C) ذخیرہ قدر　(D) عدم تقسیم پذیری

(iv) کونسی معیشت ایسی ہے۔ جس میں مقبول عام آلہ مبادلہ زر استعمال نہ ہوتا ہو؟
(A) کھلی　(B) پارٹنر　(C) اسلامی　(D) بند

(v) پاکستان میں کرنسی نوٹ جاری کرنے کا اختیار کس کے پاس ہے؟
(A) تجارتی بنک　(B) مرکزی بنک　(C) زرعی بنک　(D) صنعتی بنک

(vi) کس قسم کے زر کو عام لین دین اور قرضوں کی ادائیگی میں قانوناً قبول کرنا پڑتا ہے؟
(A) کاغذی زر　(B) اعتباری زر　(C) زری اشیاء　(D) قریبی زر

(vii) ایسا ادارہ جو لوگوں کی امانتیں وصول کرکے انہیں قرض پر دے، کہلاتا ہے؟
(A) مرکزی بنک　(B) تجارتی بنک　(C) صنعتی بنک　(D) زرعی بنک

(viii) کونسا کام مرکزی بنک سرانجام نہیں دیتا؟
(A) نوٹ جاری کرنا　(B) زرمبادلہ کی حفاظت کرنا　(C) زر اعتبار کنٹرول کرنا　(D) لوگوں کی امانتوں پر منافع کمانا

(ix) مختلف ممالک کے درمیان تجارت کے رونما ہونے کی وجہ ہے۔
(A) صنعتیں قائم کرنا　(B) وسائل کی غیر مساوی تقسیم　(C) معاشی ترقی　(D) پیداوار بڑھانا

(x) برآمدی اشیاء میں سے کس برآمدی شے کا حصہ زرمبادلہ میں زیادہ سے زیادہ ہے؟
(A) قالین　(B) چمڑا　(C) کپاس　(D) ہوزری

(xi) کس چیز پر زیادہ زرمبادلہ خرچ ہوتا ہے ؟
(A) کاغذ　(B) رنگ وروغن　(C) پٹرول　(D) ریشم

(xii) سرکاری مالیات کے تحت حکومت بجٹ خسارے کو دور کرنے کے لئے کرسکتی ہے۔
(A) پیداوار میں اضافہ　(B) آمدنی میں اضافہ　(C) نوٹ چھاپنا　(D) زری رسد میں کمی

(xiii) پاکستان کی معیشت کا سب سے اہم شعبہ ہے۔
(A) صنعت　(B) تجارت　(C) مواصلات　(D) زراعت

(xiv) کونسا معاشی نظام اعتدال پسندی کے اصول پر قائم ہے؟
(A) اشتراکی　(B) سرمایہ دارانہ　(C) مخلوط　(D) اسلامی

(xv) پاکستان میں توازن تجارت اکثر رہتا ہے۔
(A) خسارے میں　(B) توازن میں　(C) تامین میں　(D) منافع میں

Result.PK

2

# ماڈل پیپر "معاشیات"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II (جماعت دہم) امتحان 2014ء ومابعد

## حصہ انشائی

وقت: 2:10 گھنٹے

کل نمبر: 60

## (PART-I حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) شخصی آمدنی سے کیا مراد ہے؟

(ii) خام ملکی پیداوار اور خام قومی پیداوار میں کیا فرق ہے؟

(iii) خالص قومی آمدنی سے کیا مراد ہے؟

(iv) سرمایہ کاری سے کیا مراد ہے؟

(v) صرف دولت کسے کہتے ہیں؟

(vi) کاغذی زر سے کیا مراد ہے؟

(vii) بدل پذیر اور غیر بدل پذیر کاغذی زر میں کیا فرق ہے؟

(viii) زر کی قدر سے کیا مراد ہے؟

(ix) آلہ مبادلہ سے کیا مراد ہے؟

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) اعتباری زر سے کیا مراد ہے؟

(ii) نوٹ چھاپنے کے اصول بیان کریں۔

(iii) مرکزی بنک کو حکومت کا بنک کیوں کہا جاتا ہے؟

(iv) شرح بنک پالیسی سے کیا مراد ہے؟

(v) مشارکہ اور مضاربہ میں کیا فرق ہے؟

(vi) فہرستی اور غیر فہرستی بنک میں کیا فرق ہے؟

(vii) بیرونی تجارت کے کوئی سے تین فوائد لکھیں۔

(viii) پاکستان کی تین اہم درآمدات اور برآمدات کے نام لکھیں۔

(ix) ملکی اور بیرونی تجارت میں کیا فرق ہے؟

-4 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) سرکاری مالیات سے کیا مراد ہے؟

(ii) نجی اور سرکاری مالیات میں فرق کے لئے دو نکات بیان کریں۔

(iii) سرکاری قرضہ سے کیا مراد ہے؟

(iv) معاشی ترقی سے کیا مراد ہے؟

(v) پاکستان کی معیشت کے لئے زرعی شعبہ کیوں اہم ہے؟

(vi) پاکستان کی معاشی ترقی میں ٹیکنالوجی کا کیا کردار ہے؟

(vii) اسلامی معاشی نظام کو اعتدال پسند کیا گیا ہے؟

(viii) عشر کا مفہوم بیان کریں؟

(ix) سرکاری آمدنی کی کوئی پانچ مدات کے نام لکھیں۔

Result.PK

(3)

## (حصہ دوم PART-II)

نوٹ:۔کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

5- قومی آمدنی کی تعریف کریں علاوہ ازیں قومی آمدنی کے مختلف تصورات کی تفصیلی وضاحت کریں۔ 8

6 - براہ راست تبادلہ سے کیا مراد ہے۔اس نظام میں کون کون سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا؟ 8

7- زر کے فرائض کی تفصیلی وضاحت ضروری مثالوں سے کریں۔ 8

8- مرکزی بنک سے کیا مراد ہے تفصیلا بیان کریں مرکزی بنک کے فرائض بیان کریں۔ 8

9- حکومت کے ذرائع آمدن کون کون سے ہیں۔؟ 8

Result.PK